کے لئے مہتمم صاحب کی طرف سے بہترین مٹھائیوں کا بندوبست کردیا گیا تھا۔ ابھی کھانا تیار ہونے میں دیر تھی اسلئے سب سے پہلے مٹھائیوں اور کھجوریوں ہی سے سب کی تواضع کی گئی۔ پھر طلبہ ہال میں جمع ہوکر اپنی علمی تفریحوں میں مشغول رہے ۱۲ بجے کھانا تیار ہوگیا سب نے ایک ہی دسترخوان پر بیٹھکر قورمے، باقرخانی، کھیر سے سیری حاصل کی۔ تقریباً ۴ بجے شام کو خود مہتمم صاحب مدظلہ العالی بھی مدرسہ میں تشریف لائے۔ اور تمام طلبہ و مدرسین سے ملاقات کی۔ جو طالب علم آپ کے سامنے آیا سب کو ایک ایک روپیہ عیدی عنایت فرمایا۔ آپ کی اس عزت افزائی سے تمام مدرسہ باغ باغ ہورہا تھا، اور آپ کے لئے فلاح دارین اور دونوں جہان کی بھلائی و سرخروئی کی دل سے دعائیں کررہا تھا۔ جانور کافی تھے اسلئے تین روز تک برابر قربانیوں کا سلسلہ جاری رہا۔ اور ہر روز ایک نئی چیز کھانے میں آئی، چنانچہ پہلے روز قورما باقرخانی، دوسرے دن بریانی متنجن، اور تیسرے دن دہلی کی مشہور اور مخصوص چیز "حلیم" پکوائی گئی تھی۔

ہماری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ غریب پردیسیوں اور بیکس طالب علموں کے ساتھ اس قسم کا شاہانہ سلوک کرنیوالوں پر اپنے فضل و انعام کی بارشیں برسائے۔ اور ہمیشہ اپنی توفیق ان کے شامل حال رکھے۔ الٰہ الحق آمین

سہ ماہی امتحان

گذشتہ سالوں کی طرح امسال بھی دارالحدیث رحمانیہ دہلی کا سہ ماہی امتحان ہوگیا۔ مورخہ ۲۴ ذی الحجہ ۱۳۵۸ھ مطابق ۳ فروری ۱۹۴۰ء بروز ہفتہ سے امتحان کی تیاری کے لئے تعلیم ملتوی کردی گئی۔ ایک ہفتہ کی تیاری کے بعد یکم محرم الحرام ۱۳۵۹ھ مطابق ۱۰ فروری بروز ہفتہ سے باقاعدہ تحریری امتحان شروع ہوا۔ سوالات کے پرچے اساتذہ ہی نے تیار کئے تھے ہر روز تقریباً تین پرچوں کے حساب سے ۳ محرم مطابق ۱۲ فروری کو امتحان ختم ہوگیا۔ ۴ محرم بروز منگل کو طلبہ کو آرام و راحت دینے کے لئے مدرسہ میں تعطیل رہی۔ ۵ محرم سے پھر باقاعدہ تعلیم شروع ہوگئی ہے۔ مجموعی حیثیت سے بحمداللہ نتیجہ امید افزا ہے۔ جو لڑکے اپنی اپنی جماعتوں میں اول آئے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کے لئے مہتمم صاحب نے دو دو روپے نقد انعام مرحمت فرمائے۔ فجزاہ اللہ احسن الجزاء۔

مندرجہ ذیل لڑکے اپنی اپنی جماعتوں میں اول آئے ہیں۔

آٹھویں جماعت میں	عبدالرحیم امرتسری		تیسری جماعت میں		احمداللہ مرشدآبادی
ساتویں	؍؍	حافظ عبدالخالق جیپوری	دوسری	؍؍	محمد اکبر پنجابی
چھٹی	؍؍	عبدالعزیز بستوی	پہلی	؍؍	محمد اسمٰعیل مدراسی
پانچویں	؍؍	رستم احمد بنگالی	ادنیٰ	؍؍	عبدالرحیم پنجابی
چوتھی	؍؍	عبیداللہ پنجابی			(منیجر)